سوال

(30) حیض و نفاس والی خواتین کا قرآن مجید پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

فضیلۃ الشیخ! میں سونے پہلے قرآن کریم کی کچھ سورتیں پڑھنے کی عادی ہوں لیکن مخصوص ایام میں نہین پڑھ شکتی تو کیا یہ جائز ہے کہ میں ان سورتوں کو کسی کاغذ پر لکھ لوں اوران ایام میں (قرآن مجید سے دیکھ کر پڑھنے کی بجائے) اس کاغذ سے دیکھ کر پڑلیا کروں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علماء کے صحیح قول کے مطابق حیض اور نفاس والی خواتین کےلیے قرآن مجید پڑھنا جائز ہے لیکن وہ قرآن مجید کو ہاتھ نہ لگائیں بلکہ کسی پاک کپڑے وغیرے سے پکڑیں۔ اسی طرح جس کاغذ وغیرہ میں لکھا ہوا ہواسے بھی بوقت ضرورت کپڑے وغیر سے پکڑا جاسکتا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص39

محدث فتویٰ